حکومتِ پاکستان

(ریونیو ڈویژن)

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد، مورخہ 5 اگست، 2026

## نوٹیفکیشن

S.R.O. 1277(I)/2026۔- کسٹمز رولز، 2001 میں بعض مزید ترامیم کا درج ذیل مسودہ، جسے فیڈرل بورڈ آف ریونیو، کسٹمز ایکٹ، 1969 ( 1969 کا ایکٹ نمبر IV ) کی دفعہ 219، سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کی دفعہ 50، فیڈرل ایکسائز ایکٹ، 2005 کی دفعہ 40 اور انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 ( 2001 کا آرڈیننس نمبر XLIX ) کی دفعہ 237 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے بنانے کی تجویز رکھتا ہے، اس کے نتیجے میں متاثر ہونے والے تمام اشخاص کی اطلاع کے لیے شائع کیا جاتا ہے۔ مزید برآں، مذکورہ دفعہ 219 کی ذیلی دفعہ (3A) کے تقاضے کے مطابق اس ذریعے سے مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو اس بارے میں کوئی اعتراض یا تجویز ہو تو وہ سرکاری گزٹ میں ان مجوزہ ترامیم کی اشاعت کی تاریخ سے دس (10) دن کے اندر بورڈ کے غور کے لیے ارسال کر سکتا ہے۔ مذکورہ مدت کے اختتام سے قبل کسی بھی شخص کی جانب سے موصول ہونے والے اعتراضات یا تجاویز کو فیڈرل بورڈ آف ریونیو زیرِ غور لائے گا، یعنی:-

## مجوزہ ترامیم

مذکورہ قواعد کے باب V میں درج ذیل مزید ترامیم کی جائیں گی، یعنی:-

(1) قاعدہ 61 کی شق (b) میں:-

(a) ذیلی شق (i) میں دوسری مرتبہ آنے والا لفظ " اور " حذف کر دیا جائے گا؛

(b) ذیلی شق (ii) کے بعد درج ذیل نئی ذیلی شق شامل کی جائے گی، یعنی:-

(iii) "نیلامی کی تاریخ سے تین دن قبل بولی دہندگان کے معائنے کے لیے اشیاء کی دستیابی کو یقینی بنائے گا۔"

(2) قاعدہ 64 میں:-

(a) شق (b) کے آخر میں آنے والا لفظ " اور " حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(b) شق (c) کے آخر میں موجود فل اسٹاپ کی جگہ سیمی کالن اور لفظ " اور " درج کیا جائے گا، اور اس کے بعد درج ذیل نئی شق شامل کی جائے گی، یعنی:-

(d) "ضمیمہ A- میں دیے گئے فارم کے مطابق یہ تحریری یقین دہانی فراہم کرے گا کہ اس نے ان اشیاء کا معائنہ کر لیا ہے جن کے لیے بولی دی جا رہی ہے؛"

ضمیمہ A-

[قاعدہ 64 (d) ملاحظہ ہو]

بخدمت: کلکٹر________________

کلکٹریٹ__________

شہر کا نام__________

موضوع: حلف نامہ برائے لاٹ نمبر__________ نیلامی میں بولی/دوبارہ بولی جمع کرانے سے قبل اشیاء کے موقعہ پر معائنے سے متعلق حلف نامہ

میں/ہم، بحیثیت بولی دہندہ/مجاز نمائندہ/میسرز ____________________ کی جانب سے، جس کا رجسٹرڈ/کاروباری پتہ __________________ ہے اور جس کا قومی شناختی کارڈ نمبر __________________ ہے (نمائندہ کی صورت میں اصل بولی دہندہ اور نمائندہ دونوں کے قومی شناختی کارڈ نمبر درکار ہوں گے)، اس ذریعے سے حلفاً اقرار، اعلان اور عہد کرتے ہیں کہ:

1۔ یہ کہ میں/ہم نے بذاتِ خود یا اپنے باقاعدہ مجاز نمائندہ/نمائندگان کے ذریعے ان اشیاء کا موقعہ پر معائنہ کر لیا ہے جن کے لیے بولی کا عمل شروع کیا جا رہا ہے، جس میں ان کی موجودہ حالت سمیت تمام متعلقہ پہلو شامل ہیں، تاہم انہی تک محدود نہیں۔

2۔ یہ کہ مذکورہ اشیاء کا موقعہ پر معائنہ مورخہ __________ کو مقام __________ پر میرے/ہمارے یا میرے/ہمارے نمائندہ __________________ کے ذریعے کیا گیا۔

3۔ یہ کہ میں/ہم بعد کے کسی بھی مرحلے پر، خواہ ہماری بولی قبول ہونے سے قبل یا بعد میں، یا اشیاء کی حوالگی/قبضہ ملنے کے بعد، مذکورہ اشیاء سے متعلق کسی مبینہ تضاد یا فرق کو بنیاد بنا کر کسی قسم کا اعتراض، دعویٰ، تنازع، نرخوں میں نظرِ ثانی، معاوضے یا نیلامی کی منسوخی کا مطالبہ نہیں کریں گے۔

اس کے ثبوت میں، یہ حلف نامہ آج مورخہ 20- کو درج ذیل مقام پر مرتب کیا گیا اور اس پر دستخط کیے گئے:

آپ کا مخلص:

دستخط:__________________

نام:__________________

بولی دہندہ/نمائندہ:__________________

بولی دہندہ فرم/کمپنی کا نام:__________________

شناختی کارڈ نمبر:__________________

این ٹی این/رجسٹریشن نمبر:____________________

رابطہ نمبر:____________________

دفتری مہر:____________________

گواہان:

(1)نام:____________________

شناختی کارڈ نمبر:____________________

دستخط:____________________

(2)نام:____________________

شناختی کارڈ نمبر:____________________

دستخط:____________________

نوٹ: یہ حلف نامہ بولی دہندہ کے دفتری لیٹر ہیڈ پر مرتب کیا جائے گا اور مجاز دستخط کنندہ کے دستخط اور دفتری مہر کے ساتھ جمع کرایا جائے گا۔

[C.No.2(4)L&P/2026]

(زبیر شاہ)

سیکرٹری (قانون و طریقہ کار)